# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 22 April-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۲/اپریل ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ انتظامیہ، شفافیت اور اختراعی شعبوں میں ملک نئے معیار قائم کر رہا ہے: وزیرِ اعظم کا استدلال۔

☆ مہاراشٹر میں مختلف شعبوں میں تبدیلیاں انتظامی افسران کی مرہونِ منت۔ وزیرِ اعلیٰ کا فخریہ اظہار۔

☆ عالمی یومِ ارضیات کے موقعے پر آج سے ریاست کے سبھی دیہاتوں میں آبی ذخائر کی صفائی مہم کا آغاز۔

☆ رومن کیتھولک فرقے کے روحانی سربراہ پوپ فرانسس کا ویٹی کن سٹی میں انتقال، حکومت ہند کی جانب سے تین روزہ سرکاری سوگ کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھاجی نگر اور جالنہ میں آج درجۂ حرارت میں اضافے کا یلو الرٹ جاری، پربھنی میں درجۂ حرارت 43 ڈگری کے پار۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت آج نہ صرف ترقی کیلئے جانا جا رہا ہے بلکہ انتظامات، شفافیت اور اختراع میں بھی نئے معیارات قائم کر رہا ہے۔ وہ کل نئی دہلی میں 17 ویں عوامی خدمات دِن کے موقع پر ایک خصوصی اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیرِ اعظم نے مزید کہا کہ ہمارے پُر امید معاشرے کے بے مثال خواب اور عزائم ہیں اور ان عزائم کو پورا کرنے کیلئے ہمیں ترقی کی اتنی ہی بے مثال رفتار کی ضرورت ہے۔ انھوں نے کہا:

**BYTE: PM NARENDRA MODI**

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ مہاراشٹر کے مختلف شعبوں میں جو تبدیلیاں آئی ہیں اس کا سہرا انتظامیہ کے افسران کو جاتا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ کل ممبئی میں راجیو گاندھی انتظامی رفتار مشن ایوارڈ کی تقریب سے مخاطب تھے۔ انہوں نے بتایا کہ چھترپتی شیواجی کے وضع کردہ بہت سے قاعدے اور ضوابط آج بھی رائج ہیں۔

دریں اثناء وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل مراٹھواڑہ میں پانی کے مسائل کا ویڈیو کانفرنسنگ نظام کے ذریعے جائزہ لیا۔ شیوسینا ادھو باڑ اصاحب ٹھاکرے پارٹی کی جانب سے پانی کی قلت سے متعلق عوامی تحریک کے پس منظر میں یہ آن لائن اجلاس ہونے کا دعویٰ متعلقہ خبروں میں کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ممبئی کے نئے بین الاقوامی کروز ٹرمینل سے نقل وحمل کی خدمات کا کل بندرگاہ، جہاز رانی اور آبی حمل ونقل محکمے کے مرکزی وزیر سربانند سونووال کی موجودگی میں آغاز ہوا۔ ممبئی پورٹ ٹرسٹ کے وکٹوریہ ڈاک میں تجدید شدہ فائر میموریل کی نقاب کشائی سمیت دیگر منصوبوں کا افتتاح بھی سونووال کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ روزانہ دس ہزار اور سالانہ دس لاکھ مسافروں کی آمد ورفت کی اس ٹرمینل میں گنجائش ہے۔

***** ***** *****

گورنر سی پی رادھا کرشنن نے بزرگ صحافی راہل پانڈے کو ریاست کے اطلاعات ونشریات کمشنر عہدے کا حلف دلایا۔اس موقع پر گورنر رادھا کرشنن نے رویندر ڈھاکرے، پرکاش اندلکر اور گجانن نیم دیو کو بھی ریاستی اطلاعات ونشریات کمشنر کے طور پر حلف دلایا۔

***** ***** *****

عدالتِ عظمیٰ نے معطل شدہ زیرِ تربیت گیز یٹیڈ افسر پوجا کھیڑکر کے خلاف کوئی بھی تعزیری کارروائی نہ کرنے کے حکم میں 21 مئی تک توسیع کردی ہے۔کھیڑکر پر پبلک سروس کمیشن کے امتحان میں ریز رویشن کا غلط استعمال کرنے کا الزام ہے۔عدالت نے کھیڑکر کو 2 مئی کو پوچھ گچھ کیلئے دہلی پولس کے سامنے پیش ہونے کا حکم بھی دیا ہے۔

***** ***** *****

عالمی یومِ ارضیات آج منایا جارہا ہے۔اس موقع پر وزیرِ ماحولیات پنکجا منڈے نے بتایا کہ وزارت ماحولیات کی طرف سے آئندہ نو دنوں تک مختلف سرگرمیاں عمل میں لائی جائیں گی۔اس مہم کے تحت ریاست کے سبھی دیہاتوں میں مختلف آبی وسائل کی صفائی کرنے کی اطلاع بھی انھوں نے دی۔
دریں اثنا، اس سلسلے میں اطلاعات ونشریات اور رابطۂ عامہ ڈائریکٹوریٹ کے آکاشوانی پر نشر ہونے والے ''دل کھلاس'' پروگرام میں آج اور کل پنکجا منڈے کا ایک معلوماتی انٹرویو بھی نشر کیا جائے گا۔
اس ضمن میں لاتور ضلع میں آج سے آئندہ یکم مئی تک ''ماحول بچائیں، زمین کو سجائیں'' پہل پر عمل درآمد کیا جارہا ہے۔ضلع انتظامیہ نے سبھی سے اس اقدام میں حصہ لینے اور ماحولیات کے تحفظ کیلئے کوششیں کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

رومن کیتھولک فرقے کے روحانی سربراہ پوپ فرانسس گزشتہ روز ویٹی کن سٹی میں انتقال کرگئے۔وہ 88 برس کے تھے۔پوپ فرانسس گزشتہ چند ہفتوں سے علیل تھے۔وزیرِ اعظم نریندر مودی نے پوپ فرانسس کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔وزیرِ اعظم نے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا کہ پوپ فرانسس کو دنیا بھر کے لوگ ہمدردی، عاجزی اور روحانی عزائم کی علامت کے طور پر ہمیشہ یاد رکھیں گے۔پوپ فرانسس کے انتقال پر حکومتِ ہند نے آج سے تین روزہ سرکاری سوگ کا اعلان کیا ہے۔

***** ***** *****

ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے میں کھاد فراہمی کیلئے مقرر کردہ ایجنسیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ آئندہ خریف ہنگام کیلئے محفوظ کھاد کی فراہمی کیلئے انتظامی ضابطوں کی پابندی کریں۔وہ کل ضلعی سطح کی محفوظ کھاد مانیٹرنگ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔کلکٹر سوامی نے ماہِ مئی کے اواخر تک آٹھ ہزار میٹرک ٹن یوریا اور 1500 میٹرک ٹن ڈی اے پی کھاد کا ذخیرہ دستیاب کرانے کی ہدایت بھی جاری کی۔

***** ***** *****

بیڑ کے کیسر بائی سوناجی راؤ شر ساگر کالج کے نیشنل کیڈٹ کور (این سی سی) کے 16 کیڈٹس کو دفاعی محکمے کے مختلف شعبوں کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔فوج، بحریہ اور نیم فوجی دستوں سمیت ریاستی پولس اور ریاستی ہوم گارڈ خدمات کے شعبوں میں ان طلباء کا انتخاب ہونے کی وضاحت متعلقہ خبروں میں کی گئی ہے۔
کالج کی پرنسپل ڈاکٹر دیپا شر ساگر، نائب صدر ڈاکٹر یوگیش شر ساگر اور 51 مہاراشٹر بٹالین کے کمانڈنگ آفیسر کرنل سنیل بی ریڈی نے ان طلباء کی رہنمائی کی۔

***** ***** *****

ضلعی سطح کے انسدادِ ہنگامی آفات دستے کی جانب سے چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کلکٹر دفتر میں کل، ڈیزاسٹر مینجمنٹ تعارفی وتربیتی پروگرام کے تحت عملے کو تربیت دی گئی۔ اس دوران قدرتی آفات کے دوران کیے جانے والے اقدامات کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں۔

***** ***** *****

ریاست کے دیگر پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر اور ناندیڑ ضلع کے رابطہ وزیر اتل ساوے نے کل ایک اجلاس میں ناندیڑ ضلع کے مختلف محکمہ جات کے کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے پانی کی قلت کو دور کرنے اور پانی کے تحفظ کے کاموں کو تیز کرنے کی ہدایات دیں، ساتھ ہی متعلقہ افسران کو شہر میں پانی کی قلت، حمل ونقل، صفائی اور راستوں کے حوالے سے عوامی نمائندوں کی موصولہ شکایات کا ازالہ کرنے کا حکم بھی دیا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے میں آیوشمان بھارت مشن کے تحت باقی ماندہ مستحقین سے آیوشمان کارڈ حاصل کرنے اور اس اسکیم سے مستفید ہو کر ضلع انتظامیہ سے تعاون کرنے کی اپیل کمیٹی کے صدر راوم پرکاش شیٹے نے کی ہے۔ وہ کل ضلعی سطح کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ شیٹے نے بتایا کہ ضلعے کے 38 فیصد مستحقین یعنی 15 لاکھ 23 ہزار شہریوں میں سے پانچ لاکھ 76 ہزار شہریوں نے آیوشمان کارڈ حاصل کیا ہے۔

***** ***** ****

لاتور ضلعے کے تحصیلدار دفتر میں سرپنچ عہدوں کے ریزرویشن کیلئے آئندہ 24 اور 25 اپریل کو قرعہ اندازی کی جائے گی۔ ضلعے کے 785 سرپنچ عہدوں میں سے 160 نشستیں درجِ فہرست ذاتوں کیلئے، 21 نشستیں درج فہرست قبائل، 211 نشستیں پسماندہ طبقات، اور 393 نشستیں عام زمرے کیلئے مختص کی گئی ہیں۔ ان میں 394 مقامات پر خواتین سرپنچ ہوں گی۔

***** ***** ****

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجۂ حرارت چندر پور میں 44 اعشاریہ چھ ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ مراٹھواڑہ کے چھترپتی سمبھا جی نگر میں 41 اعشاریہ چھ ڈگری سیلسیس، پربھنی میں 43 اعشاریہ چار، جبکہ بیڑ میں 42 اعشاریہ تین ڈگری سیلسیس درجہ حرارت درج کیا گیا۔

دریں اثنا، چھترپتی سمبھا جی نگر اور جالنہ کیلئے آج درجۂ حرارت میں اضافے کا یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے اور محکمہ موسمیات نے چند مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔

***** ***** ****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ انتظامیہ، شفافیت اور اختراعی شعبوں میں ملک نئے معیار قائم کر رہا ہے: وزیر اعظم کا استدلال۔

☆ مہاراشٹر میں مختلف شعبوں میں تبدیلیاں انتظامی افسران کی مرہونِ منت۔ وزیر اعلیٰ کا فخریہ اظہار۔

☆ عالمی یومِ ارضیات کے موقعے پر آج سے ریاست کے سبھی دیہاتوں میں آبی ذخائر کی صفائی مہم کا آغاز۔

☆ رومن کیتھولک فرقے کے روحانی سربراہ پوپ فرانسس کا ویٹی کن سٹی میں انتقال، حکومت ہند کی جانب سے تین روزہ سرکاری سوگ کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھا جی نگر اور جالنہ میں آج درجۂ حرارت میں اضافے کا یلو الرٹ جاری، پربھنی میں درجۂ حرارت 43 ڈگری کے پار۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔ اس کے بعد ہمارے مرکز کا اگلا مراٹھی بلیٹن صبح گیارہ بجے نشر ہوگا۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****

4